سرور کائنات کی مشاورت ملا واحدی حضور کی دلجوئی و دانش مندی مولانا عبد الستار سلام قاسمی عہد رسالت کے تفریحی مشاغل طالب ہاشمی رسول اللہ کا سفر حج عبد التواب ظاہری جدید کتب سیرت ۲۰۰۰ تا ۲۰۰۷ حافظ محمد عارف گھانچی اور تعارف کتب سیرت

یہ مختصر اور کتابی سلسلہ عارف صاحب کی جستجو ومحنت کا ثمرہ ہے۔

مقالات بغیر ایڈٹ کے شایع کئے گئے ہیں مناسب ہوتا قرآنی آیات واحادیث کو حوالہ جات کے ساتھ شایع کیا جاتا تو زیادہ مفید ہوتا۔

مدیر نے کتب سیرت کی جو فہرست فراہم کی ہے یہ بہت عمدہ کوشش ہے اس سے قبل بھی متعدد فہرستیں شایع ہوچکی ہیں لیکن یہ جدید ترین فہرست کہلائے جانے کی مستحق اور قابل قدر کوشش ہے البتہ کتاب کے ٹائٹل پر نگراں عزیز الرحمن کے نام کے ساتھ ڈاکٹر کا لفظ لکھا ہوا ہے نامعلوم کس احساس کے تحت موصوف مختلف مقالات وکتب پر ایک سال سے اپنے نام کے ساتھ یہ لفظ لکھ رہے تھیں حالانکہ انہیں ابھی ایک ماہ قبل ڈاکٹریٹ کی ڈگری ایوارڈ ہوئی ہے۔ یہ علمی بددیانتی ہے اور قانون کی خلاف ورزی ہے جس کی اصلاح ہونی چاہئے بالخصوص خانقاہیت کا ڈرامہ اسٹیج کرنے والوں کے لئے یہ خود نمائی لمحہ فکریہ ہے۔

کتاب کا نام : افکار سعید

مصنف : ڈاکٹر محمد سعید

ناشر : شعبہ ادب وثقافت طارق بن زیاد کالج شاہ فیصل کالونی ۷ -۲۰۰۶

قیمت وصفحات : ۲۲۵ روپے ۱۹۴ صفحات

یہ کتاب اسلام اور سائنس کے موضوع پر مفید کوشش ہے اس میں اسلامی موضوعات کو جدید اسلوب میں سمجھایا گیا ہے۔

کتاب کے اہم موضوعات میں برتھ کنٹرول کی ابتداء، کلوننگ، روح انسانی اعمال کی ریکارڈنگ کائنات کی ابتداء اتحاد امت، نظریہ ضرورت، معراج النبی کی مادی توجیہ ڈاکٹر صاحب کسی